## سوال

(503)آمین کہنے اور سلام پھیرنے میں امام کی اقتدا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آنحضرتﷺ کا فرمان ہے کہ امام آمین کہے تو تم آمین کہو۔کیا امام کے آمین مکمل کرنے کے بعد مقتدی آمین کہیں اوراسی طرح جب امام کے منہ سے ''السلام علیکم ورحمة'' مکمل ادا ہو جائے اس وقت اپنا سلام پھیریں؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

امام کی (آمین) کے ساتھ ہی مقتدی کی (آمین) کا آغاز ہونا چاہیے،تاکہ موافقت ہوسکے۔ المرعاة (۵۹۳/۱)

اسی طرح سلام جب امام پھیر لے تو پھر مقتدی کو پھیرنا چاہیے۔

حدیث میں ہے : 'تَحلِیلُهَا التَّسلِیم' سنن أبي داوٗد،بابُ الْإِمَامِ یُحْدِثُ بَعْدَ مَا یَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنْ آخِرِ الرَّکْعَةِ،رقم:٦١٨

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:426**

محدث فتویٰ